ساجدہ پروین
ڈاکٹر سیّد جاوید اقبال

قائم خانی بولی کے گیت: سماجی اور تہذیبی مطالعہ

قائم خانی راجپوتوں کی حکمرانی راجستھان پر کئی سال رہی نواب قائم خان (پرانا نام کرم چند چوہان) ددریرہ (راجستھان) کے راجہ موٹے راؤ چوہان کے بیٹے تھے انھوں نے والیٔ دہلی فیروز شاہ تغلق کے دور میں ۱۳۵۱ء تا ۱۳۵۲ء کے درمیانی عرصے میں سیّد نصیرالدین شاہ چراغ دہلویؒ کے ہاتھ پر بفضل خدا اسلام قبول کیا اور ان کا اسلامی نام ''قائم خان'' رکھا گیا۔[۱] چنانچہ اسی نام کی مناسبت سے ان کی نسل ''قائم خانی'' کہلائی۔ اور یوں راجپوتوں میں ایک نئی شاخ ''قائم خانی'' کا اضافہ ہوا۔

قائم خان کی بہادری سے متاثر ہو کر فیروز شاہ تغلق نے انھیں خان کا خطاب دیا اور علاقہ ''حصار'' کا صوبے دار بنا دیا۔[۲] چوں کہ حصار کا علاقہ ددریرہ سے ملا ہوا تھا اس لیے قائم خان وہاں کے مضبوط حکمران ثابت ہوئے۔ ۱۴؍جون ۱۴۱۹ء کو ۸۵ برس کی عمر میں اس دنیا سے رخصت ہوئے تو اس کے بعد ان کے بیٹوں نے حصار، جھونجھنوں، بڑواسی، فتح باد اور فتح پور (اس میں ڈھونڈھار کا شیخاواٹی کا علاقہ بھی شامل تھا) میں قائم خانی ریاستوں کی بنیاد رکھی۔[۳] یوں ۱۷۳۱ء سے ۱۸۸۳ء تک قائم خانیوں نے حکومت کی، یاد رہے قائم خان اور ان کی اولاد نے کبھی ددریرہ پر حکمرانی نہیں کی۔

قائم خانی برادری فوج میں بھرتی ہو کر دہلی اور حیدر آباد دکن میں بھی آباد ہوئے۔ قیام پاکستان کے بعد قائم خانیوں نے بڑی تعداد میں ہندوستان سے ہجرت کی اور خصوصاً سندھ کے مختلف علاقوں مثلاً ٹنڈو جان محمد، جھڈو، نوکوٹ، ڈگری، حیدر آباد اور کراچی میں جب کہ پنجاب میں ملتان، ترڑ گڑھ، بستی ملوک وغیرہم کو اپنا مسکن بنایا۔ اس کے علاوہ ایک قابل لحاظ تعداد نے دنیا کے مختلف ممالک کی طرف رخ کیا۔

قائم خانی راجستھان سے جو مادری بولی بولتے ہوئے آئے وہ قیام پاکستان کے بعد انھی سے منسوب ہو کر بطور شناخت ''قائم خانی بولی'' کہلاتی ہے اور اس وقت تقریباً چار لاکھ سے زیادہ افراد کی مادری بولی قائم خانی ہے۔

جہاں تک قائم خانی بولی کی اصل کا تعلق ہے۔ راجستھان، آزادی سے قبل چھوٹی بڑی مختلف ریاستوں میں منقسم تھا۔ تقسیمِ ہندوستان سے قبل ان ریاستوں کی تعداد ۲۱ تھی[۴]، ان ریاستوں کے علاوہ مزید چند چھوٹی ریاستیں اور راجپوتوں کے ٹھکانے بھی تھے جو

لسانی نقطۂ نظر سے بڑی ریاستوں میں بولی جانے والی زبانوں کے دائرے میں آتے ہیں، ان بولیوں میں ''مارواڑی'' جو کہ جودھ پور، جیسلمیر، بیکانیر، اجمیر، جے پور وغیرہ میں بولی جاتی ہے۔[۵] اس کے بھی کئی لہجے ہیں۔ راجستھان کی دوسری بولی ''ڈھونڈھاری'' جو شیخاواٹی، سیکر، جھونجھنوں اور پلانی میں بولی جاتی ہے اس کے بھی کئی لہجے ہیں۔ ''مالوی'' مالوہ کے علاقے اور میواڑ کے درمیانی حصے میں جب کہ ''میواتی'' الور، بھرت پور وغیرہ میں بولی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ باگڑی، میواڑی، جے پوری اور ہاڑوتی وغیرہ شامل ہیں۔

قائم خانی (برادری) راجستھان کے جن علاقوں میں رہے وہاں مارواڑی بولی جاتی تھی اس حوالے سے قائم خانی بولی اس کی ایک شاخ ہے۔ ''ہم اسے مارواڑی کی ذیلی بولی (Sub Dialect) یا علاقائی تحتی بولی بھی کہہ سکتے ہیں۔ کیوں کہ ہر زبان علاقائی تحتی بولیوں (Regional Dialects) ہی کا مجموعہ ہوتی ہے اور لسانیاتی طور پر زبان اور (Dialect) میں کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا۔ (Dialect) میں (Accent) کے علاوہ قواعد اور ذخیرۂ الفاظ بھی شامل ہوتے ہیں۔''[۶]

اگر قائم خانی بولی کے مقامی ذخیرۂ الفاظ کو دیکھا جائے تو ہمیں قدیم اردو میں ان کا بخوبی استعمال نظر آتا ہے۔ دراصل اردو زبان اور قائم خانی بولی دونوں ہی برصغیر میں پیدا ہوئیں اور یہیں پلی بڑھیں۔ اردو چوں کہ قدیم زبان کی ایک ترقی یافتہ صورت ہے اور اس نے بعض مخصوص حالات کے تحت موجودہ شکل اختیار کی اسی لیے بعض تاریخی عوامل کے نتیجے میں عربی و فارسی کے اثرات اس پر نسبتاً زیادہ نمایاں ہوئے جب کہ ''قائم خانی بولی'' ایک اندرونی علاقے کی جو کہ دشوار گزار راستوں، پہاڑوں، ریگستانوں، ندی نالوں کی سرزمین ہے اور جس کا کوئی علاحدہ رسم الخط ہے نہ ادبی حیثیت، اس لیے ایک حد تک یہ بیرونی اثرات سے محفوظ رہی۔ اس کے ذخیرۂ لغت میں مقامی الفاظ کی بہتات ہے اور ان الفاظ پر راجستھان یا قرب و جوار کے رہنے والوں کی (ایجاد کی) چھاپ ہے۔

قائم خانی بولی میں مستعمل الفاظ اور اردو میں رائج مقامی الفاظ کی اصلیت ایک ہی ہے۔ مگر جس طرح چھوٹی بولیاں بڑی زبانوں میں ضم ہو کر اپنی شناخت کھو رہی ہیں بالکل اسی طرح ۱۹۴۷ء کے بعد سے ہم جائزہ لیتے ہیں تو اب خود قائم خانی برادری میں ان مقامی الفاظ کا استعمال بڑی تیزی سے کم ہوتا جا رہا ہے اور فطری طور پر اردو اور سندھی کے اثرات قبول کرتے ہوئے اب موجودہ صورت حال میں بیش تر قائم خانی بولی کے الفاظ متروک و معدوم ہوتے جا رہے ہیں اور اب عہدِ قدیم کے جواہر ریزے یعنی خالص دیسی الفاظ صرف بڑے بوڑھے، ان پڑھ اور دیہاتیوں کی زبان تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ نتیجہ کے طور پر اب قائم خانی بولی کا چراغ گل ہوتا نظر آ رہا ہے لیکن لہجے کے اعتبار سے یہ اب بھی اپنی انفرادیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ قبل اس کے یہ بھی معدوم ہو ہم اسے محفوظ کر لیں۔ اس لیے قائم خانی بولی بے شک صحراؤں، ندی نالوں اور دشوار گزار علاقوں میں پیدا ہوئی، پلی بڑھی لیکن اس بولی میں ایک قابل قدر لوک ادب موجود ہے۔ جس میں لوریاں، شادی کے گیت، ساون بھادوں کے گیت اور سُر ہیں۔ بچوں کی پیدائش کے موقع پر ہونے والی رسموں کے موقعے پر گائے جانے والے گیت بھی ہیں، کہانیاں، کہاوتیں اور محاورات وغیرہ بھی شامل ہیں۔ جن کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ قائم خانی تہذیب بھی اپنی ایک الگ پہچان رکھتی ہے۔ چوں کہ ہر ایک معاشرے کا بنیادی اثاثہ، ثقافت اور رسم و رواج

ہوتے ہیں۔ انھی اقدار پر معاشرتی عمارت پختگی سے استوار کی جاتی ہے۔اس لیے ''کسی علاقے، خطے، تعلقے کے رسم و رواج اور لوگ گیت لکھ لیجیے اس علاقے، خطہ، تعلقہ کی تاریخ خود بخود مرتب ہو جائے گی۔'' یعنی کسی بھی قوم یا معاشرے کے بارے میں جاننے کے لیے اس کی ثقافت اور لوک ادب کے متعلق جاننا ضروری ہے۔ ''یہی لوک ادب ہماری مرتب، مہذب اور بہت حد تک مصنوعی نیز شہری زندگی کے مقابلے میں غیر مرتب، دیہقانی اور فطری احساسات و جذبات کا آئینہ ہے۔''[8]

ہر قوم کی ثقافت اور لوک ادب ان کی تمناؤں اور تقاضوں کی تکمیل کا دوسرا نام ہے اور تمدن کی تاریخ کی بتاتی ہے کہ: ''کوئی قوم اپنی تہذیبی اور تمدنی وراثت کو خیر آباد کہہ کر وقتی تقاضوں کے زیرِ اثر زیادہ دیر زندہ نہیں رہ سکتی اور اس کے ثقافتی مظاہر مٹ جاتے ہیں۔''[9]

کیوں کہ ہر علاقے اور ہر قوم کا ایک لوک ورثہ ہوتا ہے جو نہ صرف اس قوم بلکہ اس علاقے کے رہنے والوں کی زندگی کی پوری عکاسی کرتا ہے بلکہ اس میں ان کی انفرادیت بھی نظر آتی ہے۔ یہ ورثہ لوگوں کی مذہبی، معاشی، معاشرتی زندگی، رسم و رواج، تہذیب و ثقافت کا مرہونِ منت ہوتا ہے جس میں ماضی، حال اور مستقبل سب ہی کچھ ایک حد تک نظر آجاتا ہے۔ ان میں لوک گیتوں کو خاص مقام حاصل ہے۔ڈاکٹر شازیہ عنبرین اس سلسلے میں رقم طراز ہیں کہ:

> ''یہ کسی قوم کے اجتماعی تجربات ہی ہوتے ہیں۔ جو صدیوں سے عوامی گیتوں، نغموں، ترانوں، قصہ کہانیوں، داستانوں، چٹکلوں، مذہبی نظموں، بھجنوں، بولیوں، ٹھولیوں کی صورت میں نسل در نسل اجتماعی یادداشت کا حصہ بنتے چلے جاتے ہیں اور کوئی نہیں جانتا کہ ان زبان زدِ عام چیزوں کے اصل خالق کون لوگ تھے اور اس کا پہلا سرا کہاں تلاش کیا جائے، تاریخی شہادتوں اور بعض دوسرے عناصر کی مدد سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ کسی لوک گیت یا نغمے کا خالق فلاں شخص گروہ یا قبیلہ ہوسکتا ہے۔''[10]

دنیا کی شاید ہی کوئی زبان یا بولی ہو جس میں لوک گیتوں کا وجود نہ ہو۔ قائم خانی برادری اور ان کی بولی بھی اس ورثہ سے تہی داماں نہیں ان کے لوک گیت راجستھانی اور پاکستانی دو مختلف ثقافتوں کا ملاپ رکھتے ہیں۔ اس لیے ان لوک گیتوں میں مشترکہ قدریں نظر آتی ہیں یہ لوک گیت سینہ بہ سینہ سفر کرتے ہوئے پہنچتے ہیں۔ ''اور یہ گیت روایتوں کے ذریعے زندہ رہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ گیت سکہ بند نہیں ہیں جس سے طبیعت اکتا جائے بلکہ یہ گیت زندگی کے ساتھ خوب گھلتے ملتے اور اپنے ماحول کا پورا پورا ساتھ دیتے ہیں۔''[11]

قائم خانی معاشرے میں گائے جانے والے ان لوک گیتوں کے ذریعے اس قوم کے افراد کے مزاج اور کردار کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ ان لوک گیتوں میں بچوں کے لیے لوریاں، پند و نصائح، موسموں کے تغیرات، تیج تہوار کے رنگ، سروں کے آہنگ، شادی بیاہ

کی رسومات، خوشی، مایوسی، محبت، رقابت۔غرض ہر موقع کے گیت شامل ہیں۔ان لوک گیتوں کا کوئی اصول مقرر نہیں ہے یہ پشت در پشت چلے آ رہے ہیں اور ''آج بھی یہ لوک گیت، لوک کہانیاں اور لوریاں بہت سے لوگوں کو اپنے بچپن کی طرح عزیز ہیں۔''[۱۲]
چوں کہ قائم خانی بولی ادبی زبان نہیں ہے چنانچہ اس کا لوک ادب اور گیت وہی ہیں جو عوام نے تخلیق کیے یہ ان کے وسیع تر تجربات، مشاہدات، رجحانات اور رسومات کے آئینہ دار ہیں۔ڈاکٹر اعظم گریوی کے مطابق: ''یہ دیہاتی گیت قافیہ ردیف کی بندشوں سے آزاد ہوتے ہیں۔چنانچہ جو لوگ ان میں وجدانیت، الہامات اور ادبِ لطیف کے جویا ہوں گے انھیں سخت مایوسی ہوگی۔''[۱۳]

(۱)

قائم خانی گیتوں کا آغاز ''جکڑی'' سے ہوتا ہے۔قائم خانی گیتوں کے گانے والے پہلے ''جکڑی'' ضرور گاتے ہیں۔ راجستھان میں ''جکڑی'' کے معنی تعریف کے لیے جاتے ہیں۔یہ وہ منظوم تعریفی کلمات ہیں جو بزرگانِ دین یا اولیاء اللہ کی شان میں لکھے جاتے ہیں۔قائم خانی معاشرے میں ''ہانسی کے چار قطب والے پیروں'' کے متعلق محبت اور عقیدت پائی جاتی ہے۔چار قطب کا خاندان فتح پور میں آج بھی آباد رہے اور ''چار قطب والے پیر'' کے نام سے ہی جانا جاتا ہے ان کے اسمائے گرامی ''حضرت جمال الدینؒ''، ''حضرت برہان الدینؒ''، ''حضرت انوار الدینؒ'' اور ''حضرت نور الدینؒ'' ہیں۔یہ ایک ہی خاندان (قطب) سے تعلق رکھتے تھے۔ان بزرگوں کے علاوہ بھی قائم خانیوں کے اجداد میں حضرت شاہ قمر الدینؒ سے عقیدت پائی جاتی ہے جو قصبہ نُو ا ں ضلع جھن جھنوں علاقہ شیخاواٹی (شیخاواڑیں) فتح پور کے رہنے والے مشہور بزرگ ہیں۔آپ قائم خانی تھے مگر چوں کہ آپ کے خلیفہ اوّل حضرت سیّد ہادی شاہؒ تھے اس لیے ان کی نسبت سے یہ ''شاہ'' کے لقب سے معروف ہوئے۔[۱۴] چنانچہ ان کی بھی ''جکڑی'' گائی جاتی ہے اور نیاز بھی دی جاتی ہے۔

چند جکڑیاں شادی بیاہ کے موقعوں پر شادیوں کے گیتوں کے ساتھ بھی گائی جاتی ہیں۔پاکستان ہجرت سے پہلے جمعرات کی رات عورتیں گھروں میں مل کر ''جکڑیاں'' گاتی تھیں اور فاتحہ پڑھ کر شیرینی تقسیم کی جاتی تھی۔آج بھی کچھ قائم خانی عورتیں شادی کے بعد ''میراجی'' کی جکڑی گاتی اور کڑھائی چڑھا کر فاتحہ پڑھ کر شیرینی تقسیم کرتی ہیں اور ایسا نہ کرنے پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ شادی زیادہ عرصہ چل نہیں پائے گی۔قائم خانی خواتین پہلے ایک جکڑی ''اللہ'' کی پھر ایک جکڑی ''میراجی'' کی اور ایک جکڑی ''شکروار باباؒ'' (حضرت شکر بارؒ بھی کہا جاتا ہے) کی گاتی ہیں۔

جکڑی سے منسوب ایک منظوم مقولہ جو تقریباً تمام بزرگ قائم خانی خواتین سناتی ہیں کہ بیاہ شادی کے بعد انسان دنیا کے دھندوں میں سب کچھ بھول جاتا ہے اور صرف گھر گرہستی کا ہو کر رہ جاتا ہے۔

بھول گئے راگ رنگ بھول گئے جکڑی

تین چیز یاد رہ گی لون، تیل، لکڑی ۱۵

(جب کبھی کوئی ''نیاز'' یا درود پاک بھول جاتے ہیں تب بھی یہ مقولہ بولا جاتا ہے)

لوک گیتوں کا سلسلہ شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف میں جو ''جکڑی'' گائی جاتی ہے جس میں اردو الفاظ کا استعمال کثرت سے ہوا ہے۔اس سے قائم خانی قوم کے مذہبی رجحان اور گھر کے بزرگ مردوخواتین کے احترام کا پتا چلتا ہے۔

''اللہ میاں کی جکڑی''

گئی ھجرت کے دربار مرے اللہ میاں — قدرت باندھی پال مرے اللہ میاں
ایں دنیا میں دو بڑا مرا اللہ میاں — ایک سورج ایک چاند مرا اللہ میاں
اے کُنڑ تاں کُھدایا مرا اللہ میاں — ھجرت تال کھدایا مرا اللہ میاں
کدرت باندھی پال مرا اللہ میاں — گئی ھجرت کے دربار مرا اللہ میاں
اے کنڑ باگ لگایا مرا اللہ میاں — اے کنڑ سینچا باگ مرا اللہ میاں
مالی جی باگ لگایا مرا اللہ میاں — مالنیا سینچا باگ مرا اللہ میاں
اے کن پُھلڑا بُنیا مرا اللہ میاں — اے کن گُونتھا ہار مرا اللہ میاں
سَر دَھر مالن سَرُی مرا اللہ میاں — گئی ھجرت کے دربار مرا اللہ میاں
ھجرت جوگا سَیُوَرا مرا اللہ میاں — بی بی جوگا ہار مرا اللہ میاں
سِئیں پہرا جے سیورا مرا اللہ میاں — بی بی کے گل ہار مرا اللہ میاں
اَیَں دنیا میں دو بڑا مرا اللہ میاں — اک سورج دوجو چاند مرا اللہ میاں
اَیَں دنیا میں دو بڑا مرا اللہ میاں — اک سسر دوجی ساس مرا اللہ میاں
ساسو جی جَایو ڈِیکرو مرا اللہ میاں — سسرو جی لایا دِل چُوڑھ مرا اللہ میاں
اَیَں دنیا میں دو بڑا مرا اللہ میاں — اک سائیں دوجو بیر مرا اللہ میاں
بیر اُڈھاوے چُونری مرا اللہ میاں — سائیں راجا کو اَبْ چَھل راج مرا اللہ میاں ۱۶

ان جکڑیوں سے قائم خانی برادری کی نفسیاتی، روحانی اور مذہبی کیفیت کا پتا چلتا ہے لوگوں کا رجحان کس طرف تھا۔لوگوں کی امیدوں، مایوسیوں اور عقائد کے بارے میں کہ لوگوں کے مزاج اور اس کی کیفیت واضح ہوتی ہے۔درج ذیل ''جکڑی'' بھی اس کی بہترین مثال ہے:

’’جکڑی‘‘

اللہ جنت بنائے ساراں کے لیے اللہ جنت بنائے ساراں کے لیے
ھماں گانڑے بجائے اللہ کے لیے ھماں گانڑے بجائے اللہ کے لیے
ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے
اللہ جنت بنائے ساراں کے لیے اللہ جنت بنائے ساراں کے لیے
ھماں جالڑی بھرائی اللہ کے لیے ھماں جالڑی بھرائی اللہ کے لیے
ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے
ھماں مینڈی سجائی اللہ کے لیے ھماں مینڈی سجائی اللہ کے لیے
ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے
ھماں جوڑے منگائے اللہ کے لیے ھماں جوڑے منگائے اللہ کے لیے
ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے
ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے ھوریں لے گئی محمدؐ نبی کے لیے ۱۷

’’جکڑی‘‘

رِم جھم کا مھیں جوڑا لائی گُل پھولاں کے ھار
مھیں ھار لیے کھڑی رے پیُرو کھولو لال کواڑ
مھیں ھار لیے کھڑی رے پیرو کھولو لال کواڑ
کھولو لال کواڑ ھم جا بھیجو نا، نامراد
مُراد مَانگڑ (ماں گنڑ) آئی رے پیُرؤ کھولو لال کواڑ ۱۸

ایک جکڑی ’’شکر وار بابا‘‘ کی گائی جاتی تھی اور شیرینی بھی تقسیم کی جاتی تھی اس میں عقیدت کا اظہار ہے کہ آپ پر جان نچھاور کروں سونے کا دروازہ سنار سے بنوایا جو سب سے اونچا ہے آپ کی شہرت یا نام دھڑ دھڑ بج رہی ہے۔

’’جکڑی شکر وار بابا‘‘

ڈُونگر اوپر ڈونگری بابا ڈونگر اوپر ڈونگری بابا
سونے گھڑے سنار واری جاؤں بابا کے

اونچا تیرا کوٹ بُلند دروجّہ   اونچا تیرا کوٹ بلند دروجّہ
لکّھ آوے، لکھ جاوے   واری جاؤں بابا کے
بابا مُھارے سر کو تاج   دَھنیڑ(دَھ ے ں ڑ) دھنیڑ تھاَری نوبت باجے
ڈِنکو(ڈِں کَ و) سنو جی اجمیر   واری جاؤں بابا کے
من کو ملیدو بابا سب نے کروں گی   من کو ملیدو بابا سب نے کروں گی
اوپر ہری گلپھڑ   واری جاؤں بابا کے
بُھورَا بھورا بکرا اجیالا چاول   بھورا بھورا بکرا اجیالا چاول
دیگ چڑھی بھرپور   واری جاؤں بابا کے
سَکَر سُوئی کو بابا امرت پانی   سکر کوئی کو بابا امرت پانی
نیِرُ بھرے پنّیار   واری جاؤں بابا کے
حبیب خان آوَ جاتری تھاری بابا   کاکا، بھاؤ، بھتیجا ساتھ
واری آویں بابا کے   واری آویں بابا کے [۱۹]

قائم خانی معاشرے میں والدین کی بہت عزت کی جاتی ہے اور اولاد کے لیے اللہ، رسول ﷺ کے بعد والدین کا حکم فرض مانا جاتا ہے بچوں کو شروع سے ہی والدین کا بڑا درجہ بتانے کے لے ایک جکڑی ''ماں باپ'' کے لیے بھی ہوا کرتی تھی۔

''جکڑی (ماں باپ کے لیے)''

چار کھوٹاں کی چاندنی جیئں پر جلے لوبان   اَیئں دنیا میں کُنڑ بڑو، ایک مائڑ دوجو باپ
باپ تو لاڈ لڈاوے   مائڑ پاؤ کاچو دودھ
ای دنیا میں کن بڑو   ایک سورج دوجا چاند [۲۰]

ترجمہ: اس دنیا میں ماں اور باپ کے سوا کون بڑا ہے باپ لاڈ پیار سے پرورش کرتا ہے اور مائڑ ماں کچا دودھ پلا کر اولاد کو پالتی پوستی ہے اس لیے ماں باپ دونوں چاند اور سورج کی مانند ہیں۔

''میراجی کی جکڑی''

گراں پھکڑی پھیر گے دل گیری   اَیئں مھیں ای کھوس رہنا ہے جی
کیئں دن کوٹھی، کیئں دن محلاں   کیئں دن جنگلاں بسنا اے جی

کیئں دن ھاتھی، کیئں دن گھوڑاں — کیئں دن پیدل چالنا اے جی
کیئں دن کھانڑا کیئں دن لاڈو — کیئں دن پھاکے پہ پھاکا اے جی ۲۱

نعمت خان (جان کوی) کالکھا یہ گیت ملاحظہ کریں:

گیر سمیر بن کجلی پکھیئن مور زہنس — جیؤ چھتری ساکھ میں ساچو قیتال ہنس
قائم اجیاگر جیسے چندن ملیا گر ...... — دیس پت باگڑ رت جیسے بھاگن
راگن پت دیپک باسگ پت ناگن — درگاہ ہو اجمیر جیسے بادشاہ نوشیر
عدل آچھو بٹھانی ہے کہت گہ کبرائے بات مانوساچی — ماکھن میں ثابت سرے ساچو ہی قائم خانی ہے ۲۲

(۲)

لوک گیت یا لوک ادب کی تخلیق زیادہ تر خواص کے بجائے عوام، خاص طور پر خواتین کے ہاتھوں ہوتی ہے لہذا تخلیق فطری جذبات کے تحت ہوتی ہے۔ قائم خانی ثقافت اپنے اندر بے شمار روایات کو سموئے ہوئے ہے اور ان روایات کو نبھانا ان کے لیے باعث فخر ہے۔ ان کی تہذیب میں جس طرح سورج، چاند، بادل اور بارش کا ذکر عزت کے ساتھ کیا جاتا ہے اُسی طرح کچھ باتیں پرندوں کی زبانی بھی کہی جاتی ہیں جیسے، مور، تیتر، اور کوا۔ درج ذیل اشعار بھی اسی نوعیت کے گیتوں کے ہیں:

موریا: مؤریا آچھو بولیے رے ڈھلتی رات کا — ارے مَاروڑیں مھیئں توں بولوں رے مَھاری مَوج سیؤں
تیتر: تیتر بولیا جنگلاں مھیئں، تیتر بولیا رے — مھارو صاحب بولیا بنگلا مھیئں ، تیتر بولیا رے
کاگلیا: کاگلیا توں گورو گورو بول نی رے — مھارو صاحب جی بسے ہیں پردیس رے ۲۳

گیت مزاجاً نسوانیت کے غنائی اظہار کی ایک صورت ہے اور اس کا زمین کے ساتھ نہایت گہرا تعلق ہے۔ ۲۴ اسی لیے دیہاتی عورتیں جن کی خوشیاں زمین، بارش اور سورج سے جڑی ہوتی ہیں اپنی خوشیوں کا اظہار گیتوں کے ذریعے کرتی ہیں۔ سورج ان کے لیے کئی معنوں میں اہمیت رکھتا ہے۔ سورج کی گرم گرم کرنوں سے تپش پا کر فصل پکتی ہے، اناج تیار ہوتا ہے۔ برسات سے پہلے جو سورج کی گرمی بڑھ جاتی ہے تب کسانوں کو یقین ہو جاتا ہے کہ اب برسات کا موسم جلد آنے والا ہے یہ گیت اسی جذبے اور ضرورت کو ظاہر کرتا ہے۔

سُوریا بیر، بَدلی لاہیئے رَے
جَھالا دے دے توھے بلاؤں
تُوں مھارے دیساں آیئے رے
سُوریا بیر، بدلی لاِیئے رِے

جیٹھ نہ آوَے ، ساڑ نہ آوَے، ساون البت آئی رے
پگ پانڑی پالار کریئے رے
دِوسرُ بدلیاں چھایئے رے
سُورِیا ہیر، بدلی لِایئےُ رِے
پنیہاریاں خوس یالی کر دے، گھراں کے تال بھرائی رے
پنیہاریاں تو گھراں اُڈیکے
ہاری کھیتاں ما آئی رے
سُورِیا ہیر، بدلی لِایئےُ رِے ۲۵

ترجمہ: سورج بھائی آؤ برسات کے بادل لاؤ، جیٹھ اور ساڑھ کے مہینے میں بھی ساون نہیں آ رہا۔ پاؤں جتنا پانی کر دے، تالاب بھر دے نزدیک سے ہی پانی لانا پڑے اور ہاری کھیتوں میں پانی دے دو پیاسوں کو خوش حالی عطا کر دے اور گھر کے تال (تالاب) بھر دے ہاری کو کھیتوں میں پانی دے دو۔

(۳)

قائم خانی برادری کے زیادہ تر افراد اپنی ''نوابی'' ختم ہونے کے بعد زراعت کے پیشے سے منسلک ہو گئے تھے مگر ان قائم خانی کسانوں کے برسوں پہلے بھی وہی جذبات تھے جو آج ہیں۔ موسم اور ماحول بظاہر بدلتے رہتے ہیں لیکن روایت اور ثقافت بہت کم بدلتی ہیں۔ کھیت اور زمین کو ہزار سال پہلے بھی پانی کی ضرورت تھی آج بھی زمین میں پانی کے بغیر فصل بار آور نہیں ہو سکتی جب تک برسات نہ ہوگی یا پانی نہیں سینچا جائے گا، زمین غلہ نہیں دے گی۔ پھر زمانہ چاہے کتنا بھی بدل جائے لیکن کسان تو کھیت، کھلیان، بادل، برسات، بہار اور پُروا ہی کے گیت گائے گا۔

درج ذیل گیت ''چھن ایک چلو'' بھی اسی بات کی نمائندگی کرتا نظر آتا ہے۔

''چھن ایک چلو'' (برسات کا گیت)

چھن ایک چلو، پُروا بھانڑ میہاں لے مھارے لگ ری چاؤ
چھن ایک چلو، پروا بھانڑ
دو اِک گھڑی رِڑکو دے دو تو تھالی بھر جائے آنگن کے مائیں
چھن ایک چلو، پروا بھانڑ

چھن چھن بھر جائے سرور تال میھاں لے مھارے لگ رِی چاؤ
چھن ایک چلو، پروا بھانڑ۲۶

ترجمہ :بادل آرہے ہیں تھوڑی دیر پانی برساؤ، ہوا بہن! ہمیں شوق ہو رہا ہے کہ ہمارے پاس رک کر تیز بوندیں برساؤ، اک گھڑی رک جاؤ، دو ایک گھڑی پانی دے دو تو بڑی بات ہوگی صحن بھر جائے گا تالاب بھر جائیں گے۔

(۴)

قائم خانی برادری میں قبل از تقسیم، راجستھان میں ''تیج کا تہوار'' بڑے جوش وخروش سے منائے جاتے تھے اب پاکستان میں عوامی سطح پر اس کا اہتمام نہیں ہوتا (تاہم شادی شدہ لڑکیاں (سہاگنیں) ساون کی تیج پر اپنے میکے سے بلاوے کا انتظار کرتی ہیں)

ہندو دھرم کے مطابق یہ تہوار دیوی، دیوتا سے منسوب ہے۔ تیج بھی ایک دیوی کا تصور ہے اور ہندو شاستروں میں اس کا تصور ملتا ہے۔ یہ تہوار ساون کی تین تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

اس تہوار کی تیاریاں یوں تو ساون کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہیں تاہم برسات کا ایک مہینہ بیت جانے کے بعد ہی اس پر شباب آتا ہے اس لیے یہ ہریالی کا تہوار بھی کہلاتا ہے۔ مون سون کی بارشوں سے ہر طرف سبزا اور ہریالی ماحول کو خوش نما بنا دیتی ہے۔ بڑے پیڑوں کی موٹی شاخوں پر ''جھولے'' ڈالے جاتے ہیں۔ جھولوں کے اس موسم میں جہاں نوجوان لڑکیاں ترنگ میں ہوتی ہیں وہیں معمر خواتین اپنے شوہروں کے لیے سکھ، تندرستی اور کام یابی کی دعائیں مانگتی ہیں۔ قائم خانی معاشرے میں ایک لباس ''لہریا، لہریو'' ہوتا تھا اب اس کا استعمال کم ہوتا ہے تاہم خواتین تیج تہوار پر ''لہریے کی چنری'' (جو خاص راجستھان سے تیار ہو کر آتی ہے) اوڑھنا پسند کرتی ہیں۔

شادی شدہ خواتین کے میکے سے اور جن لڑکیوں کی ''سگائی رمنگنی'' ہو چکی ہوتی ہے ان کے سسرال سے کپڑے، جوتے، چوڑیاں، مٹھائی، خشک میوہ جات اور پھل آتے ہیں اس رسم کو ''سندھارا'' کہتے ہیں جو خواتین یہ سندھارا لے کر آتی ہیں انھیں بھی کپڑوں کا جوڑا دیا جاتا ہے۔

قائم خانی معاشرے کا معدوم ہوتا ادبی اور تہذیبی ورثہ بے شمار لوک گیتوں پر مشتمل ہے۔ اس کے باوجود یہ صرف ذہنوں میں محفوظ ہے۔ کیوں کہ قائم خانیوں کی نئی نسل کو ان گیتوں سے کوئی خاص شغف یا قلبی تعلق نہیں ہے۔ ایک وقت وہ تھا کہ یہ گیت تمام خواتین اور بچیوں کو از بر ہوتے تھے۔ اس لیے سب مل کر گاتی تھیں۔ اب سینہ در سینہ سفر کرنے والے ان گیتوں کے نقوش مٹتے جا رہے ہیں، بزرگوں کو بہت سے گیتوں کے صرف چند ایک مصرعے یاد ہیں۔ ''ہریالی تیج کے تہوار'' کا ایک گیت ملاحظہ کریں جو ہجر کی ماری ایک نو بیاہتا سہاگن کے اذیت ناک لمحات کا بیان ہے۔ جس کا شوہر پردیس میں مقیم ہے۔

سَاجن   ساون   کی   سُورنگی   آئی   بہار   پَپّیہُو   بولے   پانی   رس   کے
آئیگو   آئیگو   تھارِی   تیج   گو   تِہوُار   آجا   رَہے   مَانڑی   گونی   بس   کی
ساجن   ساون   کی   سُورنگی   آئی   بہار
ساجن   ساون   کی   سُورنگی   آئی   بہار
پرنیہا   ساون   کی   سُورنگی   آئی   بہار

اَے سُونی سیجاں سَوگُوں بھولی بائی سا کا بِیَر   اِئی سَاسَرا کا نی سُکھ، جا اُو جُوں مھارے پِیَر
تھارا وعدہ جُھوٹا کھینچے پانڑی پا لاکیر   یا بڑھتا ہی جاوے رے بھیّا دُھوپڑی کو چیر
ساجن   ساون   کی   سُورنگی   آئی   بہار

اے پَرسُوں کے دن آگیو بھولی پَر بھاتی کو بیند   اُوں اَیکلی سیجاں میھں، منّے کیاں آوے نیند
یا اُوپڑی پنچھیڑی اُوپر کَس لے گُونا جیند   اُو ساون کو مینو جیئں آجا جُھولا اُوپر ہینڈ
آگیو   آگیو   تھاری   تیج   کو   تہوار
آجا   رے   مَانڑی   کونی   بس   کی
ساجن   ساون   کی   سُورنگی   آئی   بہار
پپیہو   بولے   پانی   رس   کے ۲۷

ترجمہ: ساجن ساون کی رنگین بہار آ گئی ہے۔ پپیہا بھی پانی دیکھ کر بول اٹھا ہے تمھارا تیج کا تہوار آ گیا ہے اب انتظار ہمارے بس میں نہیں ہے۔ بھولی نند کے بھائی تنہا سیج اداس ہے۔ مجھے سسرال میں کیا سکھ ملا میں واپس میکے چلی جاؤں گی۔ تمھارا وعدہ تو ایسا جھوٹا ہے جیسے پانی پہ لکیر کھینچنا یہ دھوپ کی دراڑ کی مانند بڑھتا جا رہا ہے میری سہیلی کا دولہا بھی پرسوں آئے گا تب مجھے اکیلے کیسے نیند آئے گی تو کیوں نہ تیز گھوڑی پر زین کس لو اور جلد آ جاؤ تاکہ جب ساون کا مہینا آئے تو مجھے جھولا دے سکو۔

تیج کے موقع پر مختلف قسم کے گیت گائے جاتے ہیں اس موقع پر گایا جانے والا یہ گیت ملاحظہ ہو۔

ساون یا ساونڑ

آئی   آئی   ساونڑ   یارِی   تیج   آئی   آئی   ساونڑ   یارِی   تیج
ھوڈ کُھدا دِیوُ مھارا جَلن جل جامِی باپ   آئی   او   ساونڑیا   کی   تیج   بائی   جَھلیا

آئی آئی ساونڑ یارِی تیج آئی آئی ساونڑ یارِی تیج
ھنڈ وَلا دِلا دَیو جی ماں کا جایا پیر آئی او ساونڑیا کی تیج بائی ھِینڈسی
آئی آئی ساونڑ یارِی تیج آئی آئی ساونڑ یارِی تیج
گھالیو ہِکھلائیو پڑیو چنبیلی ڈال ھِینڈن والی بیٹھی ممتاج بائی ساسرے
آئی آئی ساونڑ یاری تیج آئی آئی ساونڑ یاری تیج
چُنڑِی رَنگا دَیو جی ماں کا بیر آئی او سَانوِڑیا کی تیج بائی اَوڑسی
آئی آئی ساونڑ یاری تیج آئی آئی ساونڑ یاری تیج
رنگی رنگائی چنڑی پڑیو رَنگُرتیج یاں اَوڑھن اَلی بیٹھی مُمتاج بائی ساسرے
آئی آئی ساونڑ یاری تیج آئی آئی ساونڑ یاری تیج ۲۸

ترجمہ: اس گیت میں ایک شادی شدہ لڑکی جو "سسرال" میں ہے اس کے جذبات کی عکاسی کی گئی ہے۔ وہ کہتی ہے: ساون کی تیج آ رہی ہے۔ اے میرے باپ! میرے لیے ایک حوض بنوا دو کہ میں گرمی میں جھلس رہی ہوں، اے میرے بھائی! میرے لیے جھولا بندھوا دو تمھاری بہن جھولا جھولنے کی خواہش رکھتی ہے۔ بھائی کہتا ہے چمبیلی کی ڈال پر جھولا پڑا ہے لیکن میری بہن ممتاز تم سسرال میں ہو، تب بہن کہتی ہے میرے لیے ایک دوپٹہ رنگا دو۔ بھائی کہتا ہے رنگریز کے پاس چنری رنگی ہوئی ہے مگر اوڑھنے والی سسرال بیٹھی ہے۔

تیج کا یہ گیت ایک ایسی لڑکی کا ہے جسے تہوار شروع ہونے پر میکے سے اس کا بھائی لینے نہیں آیا

گیت

ساون لو آیو سَیّاں مُوں سُنڑیو آیو رَو جیٹھ اَپار مَہیّاں جھڑ مُڑیو
آو ویرا جی بَسو آنگڑے پوچھونی مَنڑے رِی بات مہیاں جھڑ مُڑیو
مٹی منگاواں ویرا چِکنی چولا گھڑاواں چار مہیاں جھڑ مُڑیو، مہیاں جھڑ مُڑیو
ہیکے رَندھاواں لاپسی دُوجے تَڑوں کِسار مہیاں جھڑ مُڑیو، مہیاں جھڑ مُڑیو
تیج رَندھاواں کھیچڑی چوتھے چُندلیے رَوساگ مہیاں جھڑ مُڑیو، مہیاں جھڑ مُڑیو
سَالو بَہنوئی دَہیم لو کَرو نی مَن رَے بات مہیاں جھڑ مُڑیو، مہیاں جھڑ مُڑیو ۲۹

ترجمہ: میں نے بھی سن لیا ہے کہ ساون آ گیا ہے۔ جیٹھ کی بے کراں تپش موجود ہے۔ برسات کی جھڑی لگ گئی ہے۔ میرے بھائی

آ ؤ میرے آنگن میں بیٹھو مگر میرے دل کی بات مت پوچھو برساست کی جھڑی لگ گئی ہے۔میں نے چکنی مٹی منگوائی ہے اور چار چولھے تیار کیے ہیں اک پر لاپسی دوسرے پر دال تلواؤں گی، تیسرے پر کھچڑی، چوتھے پر چولائی کا ساگ پکواؤں گی۔ سالا اور بہنوئی ساتھ بیٹھ کر کھانا لیکن دل کی بات مت پوچھنا کہوں کہ برسات کی جھڑی لگ گئی ہے۔

(۵)

شادی بیاہ کی رسومات میں ہر موقع پر گیت گائے جاتے ہیں چنانچہ جب قائم خانی سماج میں شادی کی تاریخ طے ہونے کے بعد ہلدی کی گانٹھ (گرہ) بھیجی جاتی ہے اس میں ایک چٹھی خط میں نام، نسب اور شادی کی تاریخ درج ہوتی ہے اس میں بھیگی ہوئی ہلدی کے چھینٹے ڈالے جاتے ہیں۔ساتھ ایک ناریل جس کا غلاف موتیوں سے بنایا جاتا ہے۔شگون کے لیے بھیجا جاتا ہے، پھر سب مل کر ناریل اور چھٹی کھولتے ہیں۔تب یہ گیت گائے جاتے ہیں۔

گھٹے اَو آیا بڑلا لاڑ بنڑا جی	کِتھے سئیں آیا بڑلا بُوندی جُھولیا ناریل
کیوں کر جُھولیا بڑلا کیوں کر جھولیا ناریل	موتی لال بنڑا جی، موتی لال بنڑا جی
ھَنس ھنس جُھولیا بڑلا، مل گت جھیلنا ناریل	کھٹے میلیا بڑلا کھٹے مہلیا ناریل جی
پیسّاں میلیا بڑلا چھانجاں میلیا ناریل	کھٹے میلیا بڑلا کھٹے مہلیا ناریل جی ۳۰

☆

شادی کی رسومات کا آغاز تو منگنی (جسے ''سگائی'' کہا جاتا ہے) سے ہو جاتا ہے پھر تاریخ طے کرنے کے بعد ''مایوں'' کی رسم ہوتی ہے جیسے بان بیٹھنا کہا جاتا ہے۔اس میں شادی سے سات روز پہلے دولھا اور دولہن کا چہرا (روپ) نکھارا جاتا ہے۔یہ تیل چڑھانا اور ہلدی لگانے کو بان بیٹھنا یا ''پیٹھی'' کی رسم کہتے ہیں ''پیٹھی'' ہلدی کو کہا جاتا ہے جس میں گندم کا آٹا، ہلدی اور تیل ملا کر آمیزہ تیار کیا جاتا ہے پھر ایسی سات سہاگنیں دلہن کو اور دلہا کو اس کے رشتہ دار لگاتے ہیں۔اس موقع پر بھی گیت گائے جاتے ہیں ایسا ہی ایک گیت ملاحظہ ہو:

مھاَرِی ھَلدی رَے رنگ سُرنگ مَلواے	ھلدی ملے پنساری رِی ھَاٹ بنڑے رے رنگ چڑھے
لاؤ رے بابوسا چتّر سجان ھلدی ملو اَے	مَا تا رَے مَن کوڑ گھنڑو ھلدی رورنگ سرنگ
لاؤ رے او کا کوسا چتر سجاں ھلدی ملو اے	واری کا کئیاں رے من کوڑ گھنڑ وھلدی رورنگ سرنگ

(باری باری تمام رشتے کے نام لے کر گایا جاتا ہے) ۳۱

☆

شادی بیاہ کی ہر رسم، ہر تقریب کے یہ گیت عام انسان کے جذباتی رشتوں اور تہذیبی قدروں کا آئینہ ہیں یہ عوام کی آرزوں

،ملاقاتوں اور امنگوں کے ایسے گیت ہیں جن کی تخلیق پر بڑے سے بڑا شاعر بھی قادر نہیں ہو سکتا۔۲۳ ذیل میں ملاحظہ کیجیے ہلدی کا ایک گیت جو لڑکی (دلہن) کے لیے گایا جاتا ہے۔(پہلے لڑکی کے بالوں کی باریک چوٹیاں بنا دیتے ہیں اس رسم میں ایک ایک کر کے وہ کھولتے ہیں اور تیل لگاتے ہیں)

گیّوں اے چٹّرو رو اُبٹنو مائی چَمیلی کو تیل
اِب لاڈو بیٹھو ابٹنو
آ آئے مھاری دادیاں نَر کھولو آ اے مھاری ماتا نر کھولو
تھیں نرکھیاں سکھ ہوئے اِب لاڈو بیٹھو ابٹنو
کوئی تیل پھلیل چمبیل گھنڑو چمپا کی کالیاں سگنڈ گھنڑو
لاڈلا را من مھیں گھانٹ گھنڑو
(لگتا ہے دولہا کے دل میں پیار بہت ہے)

☆

دلہا دلہن کو شادی سے ایک روز پہلے تیل مہندی لگائی جاتی ہے اس رسم میں بھی تمام رشتے دار خواتین اکھٹی ہو کر گیت گاتی ہیں۔مہندی کا گیت ہے ملاحظہ کیجیے:

مہندی

جئے پُورجا سیّوں چُونڑ لیّا جیوسا، مہندی لاکھاں کی
چُونڑ اُوڑھ آنگن ماں پھرسی راجا، مہندی لاکھاں کی
جُو داڑوں تھیں جاوَ ٹیکی لیا جیوسا، مہندی لاکھاں کی
میرٹھ جاوے بھنور سا مھندی لیا جیوسا، مہندی لاکھاں کی

☆

قائم خانیوں میں رسم تھی کہ دولہا کو تیار کر کے مسجد یا درگاہ پر لے جاتے تھے اور نکاح سے پہلے وہاں سلام کیا جاتا تھا۔اس موقعے پر جکڑیاں گائی جاتی تھیں اور شیرینی (مٹھائی جس کو سیرنی کہتے ہیں) تقسیم ہوتی تھی اب یہ رسم متروک ہو چکی ہے لہٰذا یہ جکڑی بھی نہیں گائی جاتی البتہ مسجد میں دو نفل حاجات کے پڑھائے جاتے ہیں۔اس جکڑی میں حضرت پیر صاحب (ہانسی کے چار قطب سے سہرا باندھنے، گھوڑے چڑھنے کے وقت حاضر رہنے کی التجا کی جاتی تھی۔

''جکڑی''

پیرؔ سَیؤرَا تے بھیجا مَیجد سَیؤرَا باندھوں کیوں نی مھارا پیر
ہاجر رَجھو مھارا پیر پیر جی گھوڑلا تے بھیجا میجد ماں
پیر جی سیرنی تے بجھی میجد ماں سیرنی بانٹو مھارا پیر میجد ماں
میجد ماں ہاجر رجھو مھارا پیر کھڑا رجھو سَانچ پیر میجد ماں

☆

بارات کی روانگی سے قبل ایک ''بندولے'' کی رسم ہوتی ہے کیوں کہ دولہا کو ''بینڈ'' کہتے تھے۔ لہذا اس رسم کو بندولہ بھی کہا ہے اور اس رسم کو ''نکاسی'' بھی کہتے ہیں یہ وہ وقت ہوا ہے کہ جب دولہا کی شان کسی راجہ سے کم نہیں ہوتی اب دولہا گاؤں میں گھوم پھر کر سب سے دعائیں اور پیار لیتا ہے اس کے پیچھے سہ بالا (شہہ بالا) بیٹھا ہوتا ہے جو کسی دوست کو بنایا جاتا ہے باراتی سب پیچھے پیچھے آتے ہیں۔

بارات کی روانگی کے موقع پر یہ گیت گایا جاتا ہے جس کے بول آسانی سے سمجھ میں آ رہے ہیں۔ سب رشتوں کے نام باری باری لے کر گایا جاتا ہے کہ دولہا تم کیوں اداس یا چپ ہو سب تمھارے ساتھ ہیں:

تُوں کیسَریا کیوں انڑا منڑا تھارا دَادا سَا تھارے ساتھ
توں کیسریا کیوں انڑا منڑا تھارا بابو سا تھارے ساتھ
تھاری گھوڑی کے گُنگھرو باجتے باجے ڈھلتی رات
تو کیسریا کیوں انڑا منڑا تھارا کاکو سا تھارے ساتھ
تھاری گھوڑی کے گھنگھر باجتے باجے ڈھلتی رات

☆

قائم خانی تہذیب میں ''داماد'' (جوائی) کو بہت عزت دی جاتی ہے جب دلہن کی رخصتی ہو رہی ہوتی ہے تب دلہن کے گھر والے اپنے داماد کے لیے گیت گاتے ہیں۔

گوری گوری مٹکیاں ماں دھی جمایو جی اور اج رے چڑھتا جوائی سا سگن وَدھاوے جی او راج
آج کی گھڑی مھارے اَمر پنڈھاوے جی اوراج سب رِی گھڑی مھارے سکھ کے وداوے جی اوراج
جاتی بارات کا سگن ودھاوے جی اور اج بائرِیو توں ڈِھیمو مورڑ چال

مُھڑَ لا اے ڈِھمو مَڈُرو برس بِجلیاں اے ڈھیمے مدری کھینو
چڑھتا کنور سا کا چمکے گھوڑ لاجی او راج سب ری گھڑی مھارے سکھ کے وداوے جی اوراج

ترجمہ: صاف نئی مٹی کی مٹکیوں میں دہی جمایا ہے جوائی (داماد) آرہا ہے شگون بڑھ رہا ہے آج کی گھڑی میرا کام اچھا ہو جائے (عزت رہ جائے) بارات روانہ ہو رہی ہے شگن اچھا ہو، ہوا تو دھیمے چلنا برسات دھیمے برسنا بجلیاں دھیمے کڑکنا دولہے کا گھوڑا چمک رہا ہے۔

☆

بارات کا یہ گیت تمام رشتوں کے بھائی چارے کو بھی ظاہر کرتا ہے اور باہمی محبت کا ثبوت بھی ہے کہ قائم خانی معاشرے میں سب مل کر رہتے ہیں۔ اس میں گایا جا رہا ہے کہ جان (بارات) تیار ہے دادا کے لاڈلے کی اور باپ اس کی رونق بڑھا رہا ہے۔ اسی طرح تمام رشتوں کے نام لے کر گایا جاتا ہے۔

جانْ چڑھے دادا سا کا جوڑ بابو سا جان سدھار جی
جان چڑھے بابو سا کا جود بِیرا سا جان سدھار سی
جان چڑھے دادا سا کا جود کاکا سا جان سدھار سی
جان چڑھے نانا سا کا جود ماما سا جان سدھار سی
جان چڑھے ساجنیہ کا جود جیجا سا جان سدھار سی ۳۳

(۱۴)

دولہا کی سہرابندی کے موقعے پر گائے جانے والے درج ذیل گیت میں زبان بہت سہل ہے اور ٹیپ کا مصرعہ ''بنا سر سیورا'' سر بنانے کے لیے ہے۔

سہرابندی کے موقع پر گایا جانے والا گیت

یا کنڑ گوندھ لائی سَیوَرا یا کنڑ لایا ہے باغ بنا سرُ سیورا
یا کنڑ بیج بڑیائے کنڑ گونتھا ہے ہار بنا سرُ سیورا، بنا سرُ سیورا
اُڈتی تو باندھی چڑکلیے لال لگے لکھُ چار سر دھر مالنڑ نی سر مالن مصر ہے آئی بِچلے چوک مَھْں
لوگ مَیّاں یوی کھوئے اے یا مالڑی کی یا مالڑن رِکت جاوَے بنا سرُ سیورا، بنا سرُ سیورا
آئی بچلے چوک مھاں گاہک پھرُ پھرُ جا یاں کنڑ سیورا کا گاہک کی اے یا کنڑ کھرچ لدائے
گھنڑا اَے لاڈلے کا بیاہ اے بنا سرُ سیورا، بنا سرُ سیورا

ترجمہ: یہ کون سہرا گوندھ کر لایا۔ مالن نے سہرا گوندھا باغ سے لا کر پھول، اس پر اڑتی ہوئی لال پٹی لگائی اور چوک کے بیچ اسے بیچنے آئی سب گاہک آئے آخر دولہے کے بھائی نے خریدا دوسرے بھائی نے قیمت دے دی درمیان میں سے دولہا سہرا لے گیا۔

☆

بارات کے موقع پر گائے جانے والے اس گیت میں بھی بھائیوں کی محبت کی چاشنی گھلی ہوئی ہے

نُوں مَتْ جَانِیَے رَے بَنّہ اِیَکلا
بَھائیاں کی جوڑی، تیرے ساتھ
بنہ لَونگ بکھیریئے
لونگاں میں اُٹھے رے مَہکار
بنہ پھول بکھیریئے ۳۴

☆

چوں کہ یہ گیت قافیہ ردیف کی بندشوں سے آزاد ہوتے ہیں۔ لہذا یہ گیت فنی اصولوں پر پورا نہیں اترتے مگر گانے والی دیہاتی خواتین ان کی لے اور آہنگ کا خیال رکھتی ہیں درج ذیل گیت ملاحظہ کیجیے جو دولہا کے گلے میں پھولوں کا ہار پہناتے وقت ''پھول مالا'' کا گیت گایا جاتا ہے:

پَلکْ رہی اَو چِلکْ رَہِی اَو پُھول مَالا — او پھول مالا بَنْڑے کے گلے میں سَاجے
اوبنَّڑے تُو دادا سَا گا پیارا — تھاری دادی سا اوپر واری او پھول مالا
اَو بَنڑو تھارو بابا سَا گو پیاَرو — تھاَرِی مَاں سا اوپر واری او پھول مالا
پَلکْ رہی اَو چِلکْ رَہِی اَو پُھول مَالا — اِیسوَ مَھارَے لال گاگا سَا گا پیارا
گا رِکیّاں اُوپر واری سَا پُھول مالا — او تو مھارے لال جِیجُو سا کا پیارا
بائِی جی اُوپر واری سا او پھول مالا — او تو مھارا لال ماما سا کا پیارا
مَامِی سَا اُوپر وَارِی سا او پھول مال — پلک رہی چِلکْ رہی چمک رہی پھول مالا ۳۵

(۱۷)

یہ لوک گیت کب لکھے گئے؟ شاعر کون ہے؟ معلوم نہیں، بس سینہ بہ سینہ منتقل ہونے والے ان گیتوں کا سفر جاری رہا ہے۔ اس طرح یہ لوک گیت صدیوں پرانی قائم خانی بولی اور اس کی تہذیب کے سچے محافظ ہیں۔ جس طرح کہ قائم خانی تہذیب میں شادی کی رسومات بہت دھوم دھام سے ادا کی جاتی تھیں اکثر شادی کی بارات دوسرے دیہاتوں سے آتی تھیں اور کئی دن تک انھیں ٹھہرایا

جاتا تھا اس مقصد کے لیے برأت کے قیام کے لیے جہاں انتظام کیا جاتا تھا وہ ''ڈیرا'' کہلاتی تھی۔ ''ڈیرا'' دیکھنے کے لیے خواتین خصوصاً لڑکیاں بہت متمنی ہوتی ہیں۔ شوخ اور چنچل لڑکیاں جب ''ڈیرا'' دیکھنے جاتی تو گیت بھی گاتی جاتی تھیں جس سے راہ گیر سمجھ جاتے تھے یہ عورتیں ''دولہے'' کو دیکھنے جا رہی ہیں:

گیت

جَلا رَے مھے تو تھارُو ڈیرا دیکھن آئی رَے جلاَل	جلا رے مھے تو تھارو ڈیرا دیکھن آئی رے جلال
جلا رے مھے تو راج را ڈیرا دیکھن آئی رے جلال	جلا جی دیکھی تھارے ڈیرے کی چترائی او جلال
جلا رے راجان مائیلو راج بھلورا ٹھوری او جلال	جلا رانیاں مائیلی رانی بھلی بھانریانی رے جلال
جلا رے چھنٹیاں مائیلی چھینٹ بھلی ملتان او جلال	جلا رے رُپیاں مائیلی رُپیو بھلو بجے ساہی رے او جلال
جلا رے راتوں دھن ری آں کھنڈلی بھلو بجے ساہی رے او جلال	جلا رے راتوں دھن ری آں کھنڈلی فاروقی رے او جلال
جلا رے تھے تو مھاری سارڑی نی پوچھی رے او جلال	جلا رے مھیئں تو تھاراں ڈیرا نرکھن آئی رے او جلال ۳۶

مفہوم: اے دولہے۔ ہم تمھارا ڈیرا دیکھنے آئے ہیں۔ تمھارے ڈیرے کی چترائی بہت دیکھی ہے تم بتاؤ راجیوں میں کون سا راجیہ اچھا ہے؟ شہروں میں کون سا شہر اچھا ہے؟ رانیوں میں کون سی رانی اچھی ہے؟ اور چھینٹوں (کپڑے کی ایک قسم) کون سی چھینٹ اچھی ہے؟ اور روپیوں میں کون سا روپیا اچھا ہے؟ آخر میں کہتی ہیں اے دولہا تم نے اب تک ہماری ساڑی نہیں دیکھی بتاؤ ہم نے کون سی ساڑی پہن رکھی ہے؟ یہ گیت اس وقت کا ہے۔ راٹھوڑی راج مشہور تھا اور بھاٹیوں کی رانی سب سے اچھی تھی ایک کپڑا ملتانی چھینٹ عورتیں بہت پسند کرتی تھیں اور جودھپور کے راجا جے سنگھ کے سکہ کی قیمت بڑی تھی جسے بجے شاہی روپیہ کہا جاتا تھا۔

☆

روایتوں کے ذریعے زندہ رہنے والے یہ گیت آج بھی زندہ ہیں کیوں کہ ان کو گانے والی خواتین اپنی تہذیب و اقدار سے محبت کرتی ہیں۔ شادی کے گھر میں خوشی کے ماحول کا ساتھ دیتا یہ گیت ملاحظہ کیجیے ۳۷:

چیل گاڑی

بنڑے کی دادیاں ساھزادی
گُرُبانتی نے لے گئی چیل گاڑی
واہ۔ رے ڈئیوَر تھاری چھاتی
نہ اَسمانَ نہ جمینَ، اَدھ بیچ میں چلائے رَے چیل گاڑی

بَنّڑے کی دادیاں ساھزادی
لاڈُو بانٹتی نے لے گئی چیل گاڑی
واہ رَے ڈَلیُورَ تھاری چھاتی
نہ اسمان نہ جمین، ادھ بیچ میں چلائے رے چیل گاڑی

بَنّڑے کی بھانُوَراں سائزادی
آرتی کَرتی نے لے گئی چیل گاڑی
واہ رے ڈلیور تھاری چھاتی
نہ اسمان نہ جمین، ادھ بیچ میں چلائے رے چیل گاڑی ۳۸

☆

شادی کا گیت

(بھابھی دیور کی شادی میں گاتی ہے)

بھابھی: صَافہ مَلا دُوں دیور جی سَوا لاکھ کا جی
ہاں جی مھارا دیور اِک بار باندھ دِکھا دو جی
دیور: صافہ تو بھابھی میرا بِیرا باندھ سی جی
ہاں میری بھابھی بیرے کا ہے سَخَت مجاج
بھری کَچیڑی میں لے لے مَیرا ماجنا
شَالُوڑا مُولا دُوں گھنَے مَول کا جی
ہاں میری بھابھی اک بار اُوڑھ دکھا دو جی

بھابھی: تھوڑا سا دِناں کا دیور جی جَگ میں جیُوڑاں
شَالُو ڑا تو میری دُورانی اُوڑھ سی جی
ہاں مھاروں دیور دورانی کا کَرڑاں مجاج
دیَر جھِٹانیاں میں لے لے مھَارا ماجنا
تھوڑا سا دِناں کا دیور جی جگ میں جیوڑاں

☆

درج ذیل گیت میں بھی ٹیپ کا مصرعہ ہے، جس کا کوئی خاص مفہوم نہیں ہے مگر گیت گانے میں اچھا لگتا ہے:

دیورانی کی طرف سے جٹھانی کے لیے گیت

جَیٹھ کے چُوبارے اُوپر بادِلی پِرّاں جَیٹھ کے جَیٹھانی لاڈلی جِیراں
جُھگالی رانی بادِلی جیراں کہ سُتی (سوتی) برفی کھا

جھکالی رانی بادلی جیراں، جیٹھ کے چوبارے اُوپر بادلی پِراں

جیٹھ کے جیٹھانی لاڈلی جیراں اِک دن برفی نہ ملی جیراں
جیئں رُوسی رُوسی پیُھریے نے جا سُسَّرا جی مَناون جا

جھکالی رانی بادلی جیراں، جیٹھ کے چوبارے اُوپر بادلی پِراں

تھارِی مَنائی سسرا، نہ منوں جیراں جیٹھ کے جیٹھانی لاڈلی جیراں
بھیُجوں بھیجو بڈّلا پُوٹ دیور جی مناون جا،

جھکالی رانی بادلی جیراں، جیٹھ کے چوبارے اُوپر بادلی پِراں

جیٹھ کے جیٹھانی لاڈلی جیراں تھاری منائی دیور نہ منو جیراں
جے بھیجو بھیجو مُو بڑا پر صاحب مَناوَن جا

جھکالی رانی بادلی جیراں، جیٹھ کے چوبارے اُوپر بادلی پِراں

جیٹھ کے جیٹھانی لاڈلی جیراں لی لاسا گھوڑا ہنڈ سرڑاں جیراں
جاں کی تو توڑی سُوٹھ کی جیراں آدھے رَستے میں سُرڑا لا

جھکالی رانی بادلی جیراں، جیٹھ کے چوبارے اُوپر بادلی پِراں

اَو جوں اَیں نہ جاؤں صاحب روٹھے جیراں اَو جوں نہ اُسو جاؤ مھارے پِراں
تھاری تو کھاسا باجری جیراں تھاری تو بجاؤ حاجری جیراں

جھکالی رانی بادلی جیراں، جیٹھ کے چوبارے اُوپر بادلی پیراں

☆

شوخ اور چنچل گیتوں کی یہ مالا شادی بیاہ کے موقع پر خوب جچتی ہے اسی ہنسی مذاق میں ''نند'' کی شادی پر اس کی بھابھی پر طنز کیا جاتا کہ جب شادی کے بعد نند کا شوہر ''نندوئی'' اسے لینے آئے گا تو بھابھی کس طرح ہر بات بہانے بنا کر اسے تنگ کرے گی۔

’’نندوئی سا‘‘

گھنڑے دِناں سُوں آیا اَو جی نندوئی سَا
گھنڑے دناں سَیں آیا پاؤ نا

حیدرآباد سُوں آیا اُو جی سَالا ہیلی　　ٹنڈے کرے اے مقام اُو جی نندوئی سا
مھارے کوٹھرے مُھنیں بیٹھنا دے دیتی　　مھارے کوٹھرے میں لگ گیا اے تالا نندوئی سا

گھنڑے دناں سوں آیا او جی نندوئی سا

تنَے کڈھی اَو پھلکا پو دیتی　　مھاری پڑوسن نَے گھالی نی چھاچ نندوئی سا
تنَے گوشت پُوری پَو دیتی　　مھاری مارکیٹ میں لاگ ری ہڑتال نندوئی سا

گھنڑے دناں سوں آیا او جی نندوئی سا

تنے چاوَلاں گا بھات رَندا دیتی　　مھارے رَسوئیاں گے لاگ رَا اَے لیٹو نندوئی سا
تنے رُوپیّہ سَلامَ گا دَے دیتی　　تھارے سالے نے بھیجا نہیں گھرچ نندوئی سا

گھنڑے دناں سوں آیا او جی نندوئی سا

تنے گاڑی جوڑ گھلاّ دیتی　　مھارے باوُڑے کی مَر گئی رَانڈ نندوئی سا
تنے موٹر جوڑ کھلا دیتی　　مھارے ڈرِیورِیے کے چلّما اَے پُوت نندوئی سا

گھنڑے دناں سوِں آیا او جی نندوئی سا

مھاری بائی جی نے ساتھ تیرے کر دیتی　　مھاری بائی جی کا کڑڑا سواپ نندوئی سا
تھنیں تو آئے اُو سے اِئی چلے جاؤ گے　　مھارا رَستے میں چٹے گا اَے گھنیت

گھنڑے دناں سو ں آیا او جی نندوئی سا

تھام پھاکا چنے کا مت مار لیو　　مھاری پڑوسن کا اُوں میں اِئی اَے بیر نندوئی سا

گھنڑِے دِناں سُوں آیا اَو جی نندوئی سَا
گھنڑے دناں سَیں آیا پاؤ نا

☆

چھوٹے دیور کو ہنسانے کے لیے بڑی بھابھی کھٹل کا گیت گاتی ہے:

''کھٹمل''

اَچھّا مَھارَا کھٹمل، پیارا مھارا لٹوا ذرا ئی دیوَریا نے سوپا دے

اِچھا مھارا کھٹل، پیار مھارا لٹوا کھٹل چڈھ گیا کھڑکی

مھارا دیور مارے کھلکلی اَچھا مھارا کھٹل، پیارا مھارا لٹوا

اِب کے پیپَرِیے نَے جاؤں رَے کھٹل تیرے کُرتا ، ٹوپی لاؤں رے کھٹل

اَچھا مھارا کھٹل، پیارا مھارا لٹوا مھاری تھالی میمھ اَے بتاشا

مھارادیور کرے اَے تماشا اَچھا مھارا کھٹل، پیارا مھارا لٹوا

☆

ان گیتوں میں کبھی کبھی تخیل کی شوخی مشاہدہ کی جگہ لے لیتی ہے اور چھوٹے دیور اور بھابھی کا رشتہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔ جہاں چھیڑ چھاڑ اور فرمائش کرنا، روٹھنا، منانا چلتا ہی رہتا ہے۔ اس گیت میں بھابھی کا دل سانگری کھانے کو چاہ رہا ہے اور وہ دیور سے فرمائش کرتی ہے مگر دیور بھی شوخی میں کہتا ہے پہلے میرے کپڑے دھو کر دو اور بھابھی ہاتھ کے نازک پن کا بہانہ بناتی ہے تو دیور بھی کانٹوں کا بہانہ بنا کر حساب برابر کر دیتا ہے۔

''سانگریا''

بہو: سَاسُو اَے مَنّے سانگریا گا چاؤ

اُو جی اُولائے چکھاؤ بَن کی سانگری مھاری جان

ساسو: تِنّے کیئں مِس کھاوے بَن کی سانگری مھاری جان

تھارے دیوریے نے اُورے اِئی بُلاؤ

تِنّے لاؤ ے چکھائے بن کی سانگری مھاری جان

بہو: دیور رے منے سانگریا کا چاؤ او جی او

دَوئی چکھاؤ بن کی سانگری مھاری جان

دیور: بھابھی اے مھاری دھوتی دھوئے سکھائے

مئیں تنے لائے چکھاؤں بن کی سانگری

بہو:(بھابھی) دیور رے تیری دھوتی پَرے نَے بَھگّا
پتّلے مُرچَ مھیں جَھٹّگا لاگ جَا مھاری جان
دیور: بھابھی اے تیری سانگری پرے نے بھگا
مھاری گوری گردن میں کانٹا لاگ جاگا

☆

جو گیت سسرال میں گائے جاتے ہیں وہ میکے والے گیتوں سے کچھ مختلف ہوتے ہیں "ودائی" (رخصتی) کے گیت بہت پردرد ہوتے ہیں۔ بیٹی کو رخصت کرتے وقت ماں باپ اعزا و اقربا کا جو حال ہوتا ہے وہ نا قابل بیان ہے۔ رخصتی کے وقت جو درد انگیز گیت گائے جاتے ہیں ان کو سن کر "سنگ دل" بھی رو پڑتے ہیں۔ رخصتی کے اس گیت میں لڑکی کی نسبت کوئل سے دے کر کی گئی ہے۔

وَنڑ(وں ڑ) گاں کی اَے کوئل ونڑ کاں چھوڑ کُٹھنے چالی
تھاری آلا دیوالا گڈیاں دھری ونڑ کاں کی اے کوئل
ونڑ کاں چھوڑ کٹھنے چالی تھاری ساتھ سَہلیاں اَن مٹی
تھاری ماؤ جی تھارے بن اَن منڑی تھاری چھوٹی بھانڑ رووے ایکلی
ونڑ کاں کی اے کوئل ونڑ کاں چھوڑ کٹھنے چالی
تھارے بیر و سا پھرے سے ان منڑا بلکھت تھاری بھاوجڑی
ونڑ کاں کی اے کوئل ونڑ کاں چھوڑ کٹھنے چالی ۳۹

☆

لڑکی کے میکے سے رخصت ہوتے ہوئے جو جذبات ہیں ان کو گیت میں ڈھالا گیا ہے۔ جس میں وہ کہتی ہے کہ میرے سسرال والے ڈولی میں بٹھا کر لے جا رہے ہیں میرے ماں باپ کے گھر دو چار دن کھیل لیا۔

آیو سَگاّ جی کا سَاونڑا لے گیو ڈولی مَاں مُسوں ڈال
کوئل بائی سَڈ چالیاں اَولیو بابوسَا تھاں کا آنگڑا
کھیلی لیا دن چار اولیو ماؤں جی تھاں کا باٹکا
دَھیم لیا دن چار آیو سگا جی کا ساونڑا

☆

قائم خانی برادری کے افراد چوں کہ فوج کے شعبے کو ترجیح دیا کرتے تھے تو لہٰذا پردیس (دوسرے ملک جانا) معمول تھا بعض

اوقات کئی ماہ وسال بعد گھر لوٹتے تھے یہ گیت بھی ایک ایسی عورت کے دل کی آواز ہے جس کا شریک حیات چھٹی لے کر آیا تھا اور وہ اب واپس جا رہا ہے ملاحظہ ہو:

مِل بیٹھ کر اَنگئے باتاں تھام یاد گھنڑ وائی آوَ گے
سامے پھر سے تھاری مورت تھسیں ماتھیں یوں بھر ماوَ گے
تھسیں یاد گھنڑ وائی آوَ گے

مِل بیٹھ کر اَنگئے باتاں تھام یاد گھنڑ وائی آوَ گے
سامے پھر سے تھاری مُورت تھُسیں ماتھیں یوں بَھر ماوَ گے
تھسیں یاد گھنڑ ے ائی آوَ گے تھسیں یاد گھنڑ وائی آوَ گے

☆

قائم خانی تہذیب میں عورت اپنے شوہر کی بہت عزت کرتی ہے، اس کے لیے تو وہ ''سر کا تاج'' ہی ہوتا ہے۔ اس احترام کی بدولت وہ اپنے شوہر پر فخر کرتی ہے یہ گیت بھی ایسے ہی جذبات کا عکاس ہے اور شادی پر بھی اکثر گایا جاتا ہے۔

سردار بنّا جی ھاتی تھسیں لا جیوں ہے کجلی دیس کا
اَمرٔ اَوٗ بنّا جی گھوڑلا تھسیں لاجیوں ہے کھرساری دیس کا
سردار بنّا جی ساوریو جھلکو اَو آبھا بیجلی
اَمرٔ اَوٗ بنّا جی سَونا تھسیں لاجیوں ہے لنکا گڑھ دیس کا
اَمرٔ اَوٗ بنّا جی روپو تھسیں لاجیو اَو اُجل پور دیس کا [۴۰]

ترجمہ: اے سردار (شوہر بنا جی (دولہا) آپ ہاتھی کجلی ملک سے لانا اے امراؤ (شوہر) آپ گھوڑے کھرساری یا (خراساں) ملک سے لانا سردار آپ کے سر کا صافہ آسمان کے بجلی کی طرح چمکتا ہے آپ سونا سری لنکا سے اور روپے، چاندی اجل پور ملک سے لانا۔

☆

یہ بہت درد انگریز گیت ہے بل کہ ایک غریب مصیبت زدہ عورت کا دکھ بھرا افسانہ ہے۔ ایک عورت اپنے ''میکے'' سے دور پرانے دن یاد کرتی ہے اور گیت کے ذریعے اپنے سہیلیوں کو درد سناتی ہے کہ یہ کیسی البیلی پہیلی ہے جو آج تک کوئی بوجھ نہ سکا جس بیٹی کو ماں باپ پیار سے پالتے ہیں۔ پھر ''پرائی'' کیوں کر دیتے ہیں:

سُن رِی سَکھیؔ سُن رِی سہیلی مھاری یا البیلی پہیلی
مھاری البیلی پہیلی سن ری ساتھن سن ری سہیلی
ماں بابو سا لاڈ سُوں پالا مھانے سمجھا گھراں کا اُجالا
جو مھانے کچھ سمجھ جیئن آئی تب جا ٹھہری مھاری سگائی
آون لاگی نائن نائی کوئی لیے روپیو کو مھیں دَھیلی

سا سرے کے لوگ آئے مھارے ڈھول دمامے باجے گھنیڑے
آئے براتی سب رنگ کے لوگ کُٹم سب ہنس ہنس کے
لے کے چالے ساتھ مھیں اَنیڑے اِب مھیں نائیں بَسَ کی اَنیڑے
سکھی ساجن کے ساتھ مھیں اِسی گئی پھیر اُت رہی مھیں
ساسو مھانے سَوئی سنادے بائی جی بیٹھی بات بناوے
کے مھیں کروں کچھ سمجھ نہ آوے جیسی پڑی مھیں اُوسی جھیلی
جی گھبراوے رَووِئے اَنکھیاں کِت گئی سب سَنگ کی سَکھِیّاں
شَوک رنگ گڈیاں تاک مھیں رکھی اِب نہ وا گھر نہ وا ہَوَیلی
سن ری سکھی ، سن ری سہیلی مھاری یا البیلی، پہیلی [۴۱]

ترجمہ: اے میری سہیلی مجھے ماں باپ نے لاڈ سے پالا، گھر کا اجالا سمجھا، میں سمجھ دار ہوئی تو باجے ڈھول بجاتے سسرال والے آ کر مجھے لے گئے، جب شوہر کے گھر گئی تو وہیں کی ہو کر رہ گئی، نند، ساس سو باتیں سناتی ہے۔ پھر بھی میں نے سب کچھ برداشت کیا۔ دل گھبراتا ہے، آنکھیں روتی ہیں، ساتھ کی سہیلیاں کہاں ہیں۔ شوخ رنگ گڑیاں طاق میں رکھی ہیں اب نہ وہ گھر، نہ وہ حویلی ہے۔

☆

قائم خانی معاشرے میں ''بیٹی'' کو بہت احترام اور پیار دیا جاتا ہے۔ یہ مختصر گیت لڑکی کے باپ کے دل سے از خود نکلنے والی آواز ہے۔ یہ دستورِ زمانہ ہے کہ بیٹی بن بیاہی گھر بیٹھے تو بھی فکر رہتی ہے اور جب وہ سسرال رخصت ہوتی ہے تب بھی، یہ دل کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے ''باپ'' کے جذبات کا اظہار ہے۔

اے ری لاڈو مھاری دھیونڑی مھاں تھانے پوچھوں مھاری بالکی
اِیسے بابوسا کو گھر چھوڑ کے کِت چالی کھٹنے چالی مھاں تھانے پوچھوں مھاری بالکی
جیاں بن کی کوئلیا اُڈ باگاں ماں چالی مھاں تھانے پوچھوں مھاری بالکی
چالی لے مھیں گھر چھوڑ کے سا سرے نے چالی بابا سا [۴۲]

☆

یہ ٹوٹی پھوٹی شاعری سہی مگر حقائق کی ترجمانی کو اگر ہم شاعری کہیں تو یہ بھی نیچرل شاعری ہے۔ ایسی عورتیں جو شاعرہ نہیں ہیں۔ کس خوب صورتی سے حقیقت بتا رہی ہیں:

دن تو سونا سورج بن رات چندا بن رے   پیہر سونا ماں بن ساسرا سردار بن رے
بھری گھڑیا گنڑ باندھے ماں بن رے   ساسرے مھیئں گے سکھ سردار بن رے

(جس طرح سورج کے بغیر دن اور چاند کے بغیر رات سونی ہوتی ہے اسی طرح ماں کے بغیر میکہ اور شوہر کے بغیر سسرال سونا ہوتا ہے۔ ماں نہ ہو تو میکے سے بھاری گھڑی کون باندھ کر دے گا۔ شوہر نہ ہو تو سسرال میں سکھ کون دے گا)

☆

جو گیت میکے میں گائے جاتے ہیں وہ سسرال والے گیتوں سے کچھ مختلف ہوتے ہیں۔ جس طرح ''رخصتی'' کے گیت بہت پُر درد ہوتے ہیں۔ اور جو گیت سسرال میں گائے جاتے ہیں ان میں خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے۔

رخصتی کا گیت

آج بابوسا سیئں کرسوں رُسنڑا   آج مھارے بابوسا سیئں کرسوں رُسنڑا
بابوسا کیوں کری پرائی پردیس   کانیے کروں مھاری دھیوڑی
تھاں کا لیکھ لیکھا پردیس   او مھاری رائے رانی چڑ ملی
آج مھیئں مھارے کا کا سا سیئں کرسو رُسنڑا   کانیے کروں مھاری دھیوڑی ۴۳

(اسی طرح ہر رشتے کا نام لے کر گایا جائے گا)

☆

قائم خانی برادری میں شادی کی رسومات میں سے ایک رسم یہ ہے کہ: دلہن کے رخصت ہو کر سسرال آنے سے کچھ دیر پہلے دولہا کے گھر ایک رسم ''ٹونٹیا'' ہوتی ہے۔ اس میں دو گھڑے (مٹکے) لے کر مردانہ لباس زیب تن کیے ایک عورت بیٹا بن کر گھڑے کے اوپر منہ کر کے بولتی ہے۔ اے ماں، میری شادی کر دو ورنہ دولہا کی دادی کو لے کر چلا جاؤں گا۔ دوسری عورت ماں کا کردار نبھاتے ہوئے دوسرے گھڑے کے منہ پر اپنا منہ رکھ کر اور دوسری عورتوں کی برائی بتا کر شادی کرنے سے روکتی ہے

ٹونٹیا

اے ماں مھاراَ بیاہ کر دے نی تو بنڑا کی دادی سانے لے کے بھاگ جوں گا
اے وا تو بوڈھی گھنی رے مھارا لال، نی مھاراَ بانوریا
اے ماں مھارا بیاہ کردے نی تو بنڑا کی مامی سانے لے کے بھاگ جوں گا
اے ہاں کی بیٹیاں لڑے رے مھارا لال، نی مھارا بانوریا

اے ماں مھارا بیاہ کر دے، نی تو مھیں بھابھی سانے لے کے بھاگ جُوں گا
اے تھاری بھابھی سادس نمبری، تھانے نے رَا کھے کونی رے مَھارا لال، نی مھارا بانوریا [۴۴]

☆

شادی کے موقع پر گایا جانے والا یہ گیت دولہا کے گھر گایا جاتا ہے اس میں دلہن کی آمد کے بعد اس کے نخرے اور الگ گھر کی فرمائش کا حال سنا کر ساس کو بتایا جاتا ہے کہ دلہن تو آتے ہی الگ گھر کی فرمائش کرے گی۔

نیارا ہونا (الگ ہونا)

مھاری بَنڑِی جِھیلا مَار تُوں اور گھر مانگ   مھیں تَوں گھوٹھا نھیں لیِیو ساں
مھیں مھارا نیاَرا لے سَان بانؑ   تَون تَے گُن الا سُسرَا مانگ
تون تے نوکری الا جیٹھ سا مانگ   تون تَے بالکڑی ہیٹرو مانگ
توں تے چَھوٹیا سَا دیور مانگ   نا گَھڑکاوَ نہ بَھڑکاوَ، ساسو، بھومھیں ہوئی لڑائی [۴۵]

☆

ایک اور نیارا (الگ گھر) ہونے کا گیت اس میں قائم خانی بولی کے ساتھ ساتھ ہریانوی زبان کی آمیزش بھی ہے جیسے ساسڑ، بے ڈھنگی، بیرن، پاوری وغیرہ۔

بہو: کَے سَاسَڑ تیں اَٹکَے مٹکَے، کے مٹکاوے کُولہاَ   بَہَل مَیں سَے اُتروں گی جد، نیاَرا دھرُ دے چولہا
مجھ بے ڈھنگی میں ڈھنگ گونی گھر میں بیرنَ ساس   پی پیاَرے سَے رَس گونی کیسے ہووے گھر باسی
ساس بتاوے پاولی اَر نانڈ لگاوے دُکھ   کیسےُ تو پیا سُدھ کرو نی میری گنی نہ مکھ [۴۶]

☆

لوک گیتوں میں شوخی اور کھلکھلاہٹیں بھی ہوتی ہیں۔خوشی کی ترنگ میں اناپ شناپ لفظ بولے جاتے ہیں۔ساس اور بہو کا رشتہ بہت احترام اور شفقت بھرا ہوتا ہے مگر کہیں کہیں ساس کے دل میں موجود یہ کھٹک کہ آنے والی بہو اُس کے بیٹے کو دور نہ لے جائے موجود ہوتی ہے لہذا وہ بیٹے کو مشورہ دیتی ہے کہ سمجھ داری سے کام لینا۔اِدھر بہو سمجھتی ہے کہ اب ساس کا ''راج'' ختم ہونے کا وقت آ گیا ہے اور شوہر کو اپنے ''بس'' میں کرنا ہے۔

دلہن جب رخصت ہو کر سسرال آتی ہے تب یہ گیت گایا جاتا ہے

ساس: تھاری گوری گوری پنڈ لی اَے بھو، کالی جراب   وا ٹک ٹک محلاں چڈھ گی اے بیٹا کر کے گمان
وا تو ڈھائے کُھٹوَلا پڑ گئی رے بیٹا منکھ پہ رومال   وا پُروا نچھوا چالی رے بیٹا اُڈ گیا رومال

تو سوچ سمجھ کر چڑھیے رے بیٹا بھو اے نادان	اوپر سے نیچے پٹکے رے بیٹا ھو جا نکسان
گوڈے کی ڈھکنی ٹوٹے رے بیٹا چو کھے کے دانت	تھاری گوری گوری پنڈلی اَے بھو، کالی جراب
بہو: مھاری گوری گوری پنڈلی اے ساسڑ، کالی جراب	مھیں ٹک ٹک محلاں چڈھ گی اے ساسڑ کر کے گمان
تو گھٹی لسی پیائی اَے سَاسڑ رہ گیا نادان	تو دس دن پیہر بِک جا اے ساسڑ کردوں جوان
کوٹھی کی چابی دے جا اے ساسڑ مُٹھی کے دام	مھیں سو کا دودھ منگایا اے ساسڑ پچیس کی کھانڈ
مھیں دو دن گھول پلایا اے ساسڑ ہو گیا جوان	مھاری گوری گوری پنڈلی اے ساسڑ، کالی جراب

☆

ان گیتوں میں جو درد اور بے ساختگی ہے وہ جنگلی پھولوں کی طرح فطرت کی خوراک پر زندہ ہے۔ یہ شاعری کی بلندی کو تو نہیں چھو سکتی مگر دل سے نکلی آواز دل پر بھی اثر کرتی ہے، سسرال جانے کا سن کر ''لڑکی'' اپنا درد ماں سے کہتی ہے۔

سَاسَرے کا جانا اَے بَے بَے، چُھٹ گا پینا کھانا اے بے بے
جَئیں کا بَالَم یا نا اے بے بے، گھونگھٹے کے مَانہہ روَے جا

دیور دکھاوے ٹھوسا اے بے بے، آلا ایندھن گوسا اے بے بے
جی نے ہو گا راسا اے بے بے، کد تک روٹی پویاں جا

میرے درد اٹھے دھڑ میں اے بے بے، تا ئیں پٹیس جڑ میں اے بے بے
ہانڈوں پھروں بگڑ میں اے بے بے، بولاں کے سیل چُھبویاں جا

ساسرے کا جانا اے بے بے، چھٹ گا پینا کھانا اے بے بے
جئیں کا بالم یا نا اے بے بے، گھونگھٹے کے مانہہ روَے جا [۲۷]

(اس گیت میں بھی ''ہریانوی'' رنگ بھی جھلکتا ہے جیسے بے بے، چُھٹ، بالم، ٹھوسا وغیرہ یہ قائم خانی بولی پر ہریانوی بولی کے اثرات کو بھی ظاہر کرتا ہے۔)

☆

شادی زندگی کا لازمی جز ہے یہ تقریب دنیا کی مختلف قوموں میں اپنے مخصوص کلچر، روایات اور رسم و رواج کے مطابق منائی جاتی ہے۔ مہذب ممالک میں تعلیم وتہذیب کی برکات سے اس میں طرفین کی رضا مندی اور رغبت کا خصوصی طور پر خیال رکھا جاتا ہے شادی سے پہلے ایک دوسرے کو سمجھنے اور پرکھنے کی سہولتیں حاصل ہوتی ہیں اس لیے وہاں کے تاثرات خوش گوار مرتب ہوتے ہیں لیکن پسماندہ قوموں میں اس کا حقیقی مفہوم مسخ ہو کر رہ گیا ہے وہاں بے جا قیود اور ناجائز دباؤ کی وجہ سے یہ دوامی رشتہ عموماً ناپائیدار اور ناخوش گوار

ثابت ہوتا ہے۔ قائم خانی برادری بھی اپنی تمام تر خوبیوں کے باوصف قدامت پرست اور پسماندہ رہی۔ زمانے کے ساتھ چلنے میں اس نے بہت دیر لگا دی۔ چنانچہ شادی کے سلسلے میں لڑکی کی مرضی تو درکنار لڑکوں سے بھی نہیں پوچھا جاتا تھا اس پر شادی سے پہلے دیکھنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا گو کہ اب ایسا ہر جگہ نہیں ہے اور کئی خاندان تعلیم یافتہ اور باشعور ہونے کے باعث اپنے بچوں کی مرضی کو ہی ترجیح دیتے ہیں۔ درج ذیل گیت بھی ایک ایسے سانحے کو بیان کرتا ہے جس میں ''دلہن'' نے اپنے شوہر کو پسند نہیں کیا اور یوں وہ اپنی جان سے چلی گئی۔

قائم خانی لوک گیتوں میں جہاں خوشی کا رنگ ہے وہاں بے چین روحوں اور نا آسودہ جذبوں کی ایک ایسی المیہ داستان بھی ہے جو ٹھکرائی ہوئی عورت کی روح کی پکار اور دل کی آواز ہے۔ عورت کے گورے اور کالے رنگ کا تصور قائم خانی معاشرے میں بھی موجود ہے اور ''دلہن'' لاتے وقت ''حُسن'' کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اگر کسی کی بیوی ''سانولی'' یا ''کالی'' ہو تو اکثر مزاج دار شوہر کے دل کو نہیں بھاتی اور احساس کمتری کا شکار ''بیوی'' اپنے ہی غصے کی آگ میں جل کر مر جاتی ہے۔

بارہ برس سے پیّا گھر آیا ہرا ہرا باگاں اُترا اے
دس دن باگاں، دس دن محلّاں دس دن رَستے مھیں لاگ گئے جی
